مدیر کے نام

غازی امان اللہ خان، گوجرانوالہ

مولانا مودودیؒ کا درسِ قرآن 'جنات کی حقیقت' (جنوری ۲۰۱۷ء) شائع ہوا۔ اس کی تیسری سطر میں درس کے مرتب کی غلطی سے پروف میں غلطی در آئی ہے: 'سورۂ قٓ میں آتا ہے' حالاں کہ مولانا نے 'سورۂ احقاف میں آتا ہے' بولا ہے، جس کا پارہ ۲۶ کی آیات ۲۹ تا ۳۱ میں ذکر ہے۔ گویا کہ ریکارڈنگ میں سورۂ احقاف ہی ہے۔ میں ذاتی طور پر جامع مسجد قلعہ گوجرسنگھ میں ریکارڈنگ کے لیے جاتا رہا ہوں، بلکہ ایک بار تاخیر ہوگئی۔ حفیظ الرحمٰن احسن صاحب کے ٹیپ ریکارڈر سے ایک درس ریکارڈ کر کے لایا تھا۔ 'مذہب کی تبدیلی کیوں؟' ڈاکٹر بی آر امبیدکر کا مضمون وقت کی ضرورت ہے۔ جناب عبدالغفار عزیز کا 'شام لہو رنگ سرزمین' بہت دردناک ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اہلِ اسلام کے مصائب و مشکلات کو آسانی میں تبدیل کر دے۔

راجا محمد عاصم، موہری شریف، کھاریاں

اشارات: 'تعلیم اور معاشرتی انقلاب کی راہ' (جنوری ۲۰۱۷ء) میں ڈاکٹر انیس احمد نے تعلیم کی اہمیت کو نہایت خوب صورت طریقے سے واضح کیا گیا ہے۔ تعلیمی شعور اور آگہی کے ذریعے نہ صرف ہمارے اندر معاشرتی انقلاب برپا ہوسکتا ہے بلکہ ہماری آخرت بھی سنور سکتی ہے۔

ڈاکٹر جہاں زیب، لاڑکانہ۔ پروفیسر احمد کمال، بہاول پور۔ طاہرہ عظیم، سیالکوٹ

ترجمان القرآن (دسمبر ۲۰۱۶ء) میں ڈاکٹر صفدر محمود کا مضمون 'سقوطِ ڈھاکہ: چند حقائق اور دو قومی نظریہ' تاریخ اور معلومات کا خزانہ ہے۔ ہماری نئی نسل تو ایک طرف اچھے خاصے استاد، پروفیسر اور صحافی بھی ان معلومات سے بے خبر ہیں۔ محترم ڈاکٹر صاحب کی تحریریں قارئینِ ترجمان کو تحریکِ پاکستان اور تاریخِ پاکستان سے آگاہ کرنے کا ذریعہ بنیں گی۔

وحیدالدین سلیم، حیدرآباد دکن

عزیز دوست اور بھائی مسلم سجاد کے انتقال کی خبر ہمارے لیے شدید دُکھ اور محرومی کا باعث بنی۔ محترم خرم مراد اور پروفیسر مسلم سجاد دونوں بھائیوں نے ترجمان القرآن کی ترقی اور اشاعت کے لیے بے پناہ محنت سے کام کیا، اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے، آمین!